سرخاب

# اُردو



پہلی کتاب ۱

طفلی
ہمارے بچے ہماری زندگی
Tiflee Education

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

سرخاب

# اُردو

| نمبر شمار | یونٹ | اسباق | قواعد | تحریری مہارتیں | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | میں اور میری ذات | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>حمد (نظم)<br>امی کتنی اچھی ہیں (کہانی) | حروفِ تہجی<br>ہلکی اور بھاری آوازیں<br>مصوتے اور مصمتے | اچھے ہاتھ۔۔۔اچھے کام<br>پیراگراف | ۳ ـ ۱۲ |
| ۲ | غذا | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>توانائی کہاں سے آئی (کہانی)<br>گھی اور شہد (مکالمہ) | مصوتوں کی لمبی اور چھوٹی آوازیں<br>ارکان سازی | میرا صحت بخش ناشتا<br>مشقِ مضمون | ۱۳ ـ ۲۰ |
| ۳ | مقامات | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>گھر پیارا گھر (نظم)<br>'ب' سے بازار (ڈائری) | ہم صوت حروف<br>اسم | جگہ جو مجھے پسند ہے<br>منظر کشی | ۲۱ ـ ۳۰ |
| ۴ | حیوانات | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>ٹفی اور فری (کہانی)<br>خاموش خرگوش (مکالمہ) | صفت<br>مذکر۔مونث<br>واحد۔جمع | میرا پسندیدہ آبی جانور<br>مشقِ مضمون | ۳۱ ـ ۳۸ |
| ۵ | نباتات | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>آؤ بچو سیر کو جائیں (نظم)<br>مسلمان درخت (مضمون) | فعل<br>جملہ (واحد ۔ جمع) | باغ کا منظر<br>منظر کشی | ۳۹ ـ ۴۸ |
| ۶ | موسم | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>شرمیلی شہزادی (کہانی)<br>خوراک بھی علاج بھی (مکالمہ) | جملہ<br>ختمہ (۔) | میرا پسندیدہ موسم<br>مشقِ مضمون | ۴۹ ـ ۵۶ |
| ۷ | پیشے | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>تمھیں ڈاکٹر کو دکھانا پڑے گا (نظم)<br>صبر کا پھل (کہانی) | ہوں ۔ ہے ۔ ہیں | میں بڑا ہو کر بنوں گا<br>پیراگراف | ۵۷ ـ ۶۶ |
| ۸ | صنعت و حرفت | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>ارے بل۔۔۔چل نکل (کہانی)<br>نہ چلے نہ جلے (مکالمہ) | ہوں ۔ ہے ۔ ہیں | ایک یادگار سفر<br>روداد | ۶۷ ـ ۷۴ |
| ۹ | اسلام | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>سب سے پیارے (نعت)<br>بے چین چڑیا (واقعہ) | ہے ۔ تھا<br>اعداد | میں نے عید گزاری<br>آپ بیتی | ۷۵ ـ ۸۲ |
| ۱۰ | وطن | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>سب سے پیارا پاکستان (نظم)<br>قائداعظم کا بچپن (سوانح) ۔ وطن ہمارا (مکالمہ) | کا ۔ کی ۔ کے<br>مد۔تشدید۔تنوین | پرچم پاکستان کا<br>مشقِ مضمون | ۸۳ ـ ۹۲ |

This PDF document was edited with Icecream PDF Editor.
Upgrade to PRO to remove watermark.

یونٹ ۱

# میں اور میری ذات

اس یونٹ کا موضوع 'میں اور میری ذات' ہے۔ یہ یونٹ ایک حمد اور ایک کہانی پر مشتمل ہے۔ یونٹ کا آغاز پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیوں سے ہوتا ہے۔ ان سرگرمیوں میں وہ بنیادی الفاظ متعارف کرائے گئے ہیں جو آئندہ اسباق میں استعمال ہوں گے۔ اس طرح طلبا کو اسباق کی بہتر تفہیم کے لیے ضروری ذخیرۂ الفاظ فراہم ہو سکے گا۔ یونٹ میں مطالعہ، تقریر، تحریر اور قواعد کی مہارتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

## حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- موضوع سے متعلق ضروری ذخیرۂ الفاظ کا درست استعمال کر سکیں،
- موضوع کے حوالے سے چند جملے تحریر کر سکیں،
- حروفِ تہجی کی آوازوں کو پہچان سکیں،
- ہلکی اور بھاری آوازوں میں فرق کر سکیں،
- مصوتوں اور مصمتوں کو پہچان سکیں،
- حروف کو تہجی ترتیب سے لکھ سکیں۔



This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں

۱ دیے گئے الفاظ کو بُلند آواز سے پڑھیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کان | سردی | دودھ | بستر |
| بچّے | آنکھ | سیب | پھول |

۲ اوپر دیے گئے الفاظ کو تہجّی ترتیب سے لکھیے۔ اُن کی شروع کی آوازبھی لکھیے۔

| الفاظ ترتیب سے | شروع کی آوازیں | الفاظ ترتیب سے | شروع کی آوازیں |
|---|---|---|---|
| آنکھ | آ | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

۳ دی گئی تصویروں کے نیچے اُن کے نام لکھیے۔







This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# اللہ کتنا پیارا ہے

فُرصت ہو یا کام ہو　　بس اللہ کا نام ہو

اللہ ہے ہم سب کا خالق　　وہ ہی ہے ہم سب کا مالک

دنیا اس نے پیدا کی ہے　　کھانے کو ہر چیز بھی دی ہے

صحرا، جنگل، باغ، سمندر　　پیدا کیے انسان کی خاطر

بادل، سورج، چاند، ستارے　　آتے ہیں سب کام ہمارے

سارے جگ کا نعرہ ہے　　اللہ کتنا پیارا ہے



This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## تفہیم کا جائزہ

### ١ دیے گئے الفاظ کو درست معنی سے ملا یئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فُرصت | زور دار آواز | جگ | ریگستان |
| خالق | فراغت | صحرا | آقا |
| نعرہ | پیدا کرنے والا | مالک | دنیا |

### ٢ دُرست جملوں کے سامنے ✓ اور غلط جملوں کے سامنے ✗ کا نشان لگا یئے۔

١ اللہ ہم سب کا مالک ہے۔ ☐

٢ اللہ نے دنیا فرشتوں کی خاطر بنائی ہے۔ ☐

٣ ہمیں کھانے کی تمام چیزیں اللہ نے دی ہیں۔ ☐

٤ سورج، چانداورستارےآسمان پرنظرآتے ہیں۔ ☐

### ٣ دُرست الفاظ چُن کر جملے مکمل کیجیے۔

| | |
|---|---|
| اللہ | آسمان |
| فرشتوں | انسان |
| دن | رات |
| کام | اُوپر |

١ ہم سب کا خالق ________ ہے۔

٢ اللہ نے باغ اور سمندر ________ کی خاطر پیدا کیے۔

٣ سُورج ________ میں نظر آتا ہے۔

٤ چاند ستارے سب ہمارے ________ آتے ہیں۔

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.



# امّی کتنی اچھّی ہیں!

سونیا کو سردی لگ گئی تھی۔ اُسے تیز بخار تھا۔ وہ بستر پر لیٹی ہوئی کراہ رہی تھی۔ بڑی باجی اُسے دیکھنے آئیں۔ اُن کا منّا اُن کی گود میں تھا۔ منّا رو رہا تھا۔ باجی اُسے چُپ کرا رہی تھیں۔ گود میں ہِلا رہی تھیں۔ پیار سے بُلا رہی تھیں۔ ’’میرا منّا...... پیارا بچّہ...... چُپ ہو جا۔‘‘ لیکن منّا چُپ نہ ہوا۔ باجی نے دودھ پلایا۔ اُس کے منہ میں چوسنی دی۔ منّا پھر بھی روتا رہا۔ باجی اُسے لے کر کمرے سے باہر چلی گئیں۔

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

سونیا نے سوچا، ''منّا باجی کو کتنا تنگ کرتا ہے..... کیا میں بھی امّی کو ایسے ہی تنگ کرتی تھی؟'' اُسے کل کی بات یاد آئی۔ امّی نے کتنا کہا تھا۔ ''بیٹا سردی بڑھ گئی ہے، سویٹر پہن لو''۔ مگر سونیا نے ایک نہ سُنی۔ سویٹر پہنے بغیر ہی اسکول چلی گئی۔

یوں اُسے سردی لگ گئی اور بُخار ہو گیا۔ اُس کا خیال تھا کہ امّی ڈانٹیں گی۔ لیکن امّی نے اُسے بالکل نہیں ڈانٹا۔ بلکہ پریشان ہو گئیں اور سونیا کو جلدی سے بستر پر لٹایا اور دوا پلائی۔ ''امّی کتنی اچھّی ہیں''۔ اُس نے سوچا۔ ''اب میں کبھی اُنہیں تنگ نہیں کروں گی...... ہمیشہ اُن کی بات سنوں گی''۔

## گفتگو کے نکات

١ اپنا کوئی واقعہ سنائیے جب آپ نے اپنی امّی کو تنگ کیا ہو۔

٢ آپ گھر کے کاموں میں امّی کی کیا مدد کرتے/کرتی ہیں۔ بتائیے۔



This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## تفہیم کا جائزہ

### ۱ دُرست جملوں کے سامنے ✓ اور غلط جملوں کے سامنے ✗ کا نشان لگایئے۔

۱ سونیا بیمار پڑ گئی تھی۔ ☐

۲ منّا باجی کی گود میں سو رہا تھا۔ ☐

۳ باجی نے منّے کو ڈانٹا۔ ☐

۴ امّی نے سونیا کو دوا پلائی۔ ☐

### ۲ دُرست الفاظ چُن کر جملے مکمّل کیجیے۔

۱ سونیا کو ______ لگ گئی تھی۔

۲ وہ بستر پر ______ تھی۔

۳ باجی کی گود میں اُن کا ______ تھا۔

۴ امّی نے سونیا کو ______ پر لٹایا۔

۵ امّی کتنا ______ کرتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| سردی | گرمی |
| بیٹھی | لیٹی |
| پرس | منّا |
| بستر | صوفے |
| غصہ | برداشت |

### ۳ دیے گئے سوالوں کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیے۔

۱ سونیا بستر پر کیوں لیٹی تھی؟

۲ باجی منّے کو لے کر کہاں گئیں؟

۳ امّی نے سونیا کو سوئیٹر پہننے کا کیوں کہا؟

۴ سونیا کو بیمار دیکھ کر امّی نے کیا کیا؟

This PDF document was edited with Icecream PDF Editor.
Upgrade to PRO to remove watermark.

## حُروفِ تہجّی

اردو کے ۵۱ حُروفِ تہجّی ترتیب سے

ا ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ ث ج جھ چ چھ ح خ

د دھ ڈ ڈھ ذ ر رھ ڑ ڑھ ز ژ س ش ص ض

ط ظ ع غ ف ق ک کھ گ گھ ل لھ م مھ

ن نھ و ہ ی ے

## ہلکی اور بھاری آوازیں

اردو زبان کے ۵۱ حُروف میں سے ۳۶ حُروف ہلکی آوازوں کو جبکہ ۱۵ حُروف بھاری آوازوں کو ظاہر کرتے ہیں۔

| ہلکی آوازیں | بھاری آوازیں |
|---|---|
| ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ | بھ پھ تھ ٹھ |
| د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش ص ض | جھ چھ دھ ڈھ |
| ط ظ ع غ ف ق ک گ ل م | رھ ڑھ کھ گھ |
| ن و ہ ی ے | لھ مھ نھ |

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## ۱ ہلکی اور بھاری آوازوں والے حُروف کو آپس میں ملایئے۔

| ہلکی آوازیں | بھاری آوازیں | ہلکی آوازیں | بھاری آوازیں |
|---|---|---|---|
| ب | چھ | ر | ڈھ |
| ج | تھ | ل | گھ |
| ت | جھ | ڈ | لھ |
| پ | بھ | ڑ | رھ |
| چ | پھ | گ | ڑھ |

## ۲ ہلکی آواز والے حرف کے نیچے اُس کی بھاری آواز والا حرف لکھیے۔

| پ | ٹ | ج | د | ڑ | ک | م | ن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

### مصوّتے (Vowels) اور مصمّتے (Consonants)

اردو کے ۵۱ حُروف میں سے چار حُروف مصوّتے (Vowels) کہلاتے ہیں۔

بقیہ ۴۷ حُروف کو مصمّتے (Consonants) کہا جاتا ہے۔

مصوّتے یہ ہوتے ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | و | ی | ے |

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## ۳ دیے گئے الفاظ میں مصوّتوں کو الگ الگ کر کے لکھیے۔

| الفاظ | مصوّتے | الفاظ | مصوّتے |
|---|---|---|---|
| بابا | ا ـ ا | روٹی | |
| مانو | | جال | |
| طوطا | | توپ | |
| تالے | | گاڑی | |

## تحریری مہارتیں اور تقویت

### ۱ اپنے ہاتھوں کے بارے میں پانچ جملے لکھیے کہ آج انھوں نے کون سے پانچ اچّھے کام کیے۔

**اچّھے ہاتھ ..........اچّھے کام**

۱ ____________________

۲ ____________________

۳ ____________________

۴ ____________________

۵ ____________________

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# اُردو

سرخاب

سرخاب اردو سلسلہ بچوں کی موجودہ لسانی، معاشرتی اور نفسیاتی ضرورتوں کو مدِنظر رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ نصاب کے قومی مقاصدِ تعلیم کا لحاظ رکھتے ہوئے اِس سلسلہ کتب کو جدید تعلیمی اور تدریسی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اِس حوالے سے دنیا بھر کے جدید نصابات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ اُردو ہماری قومی زبان ہے اور اِس کو فی زمانہ بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ اِس صورتِ حال کو بھی ذہن میں رکھتے ہوئے ایسے موضوعات اور تدریسی حکمت عملی کو اختیار کیا گیا ہے کہ طالب علم اپنی قومی زبان کو تحصیل دلچسپی سے کرے اور اِس پر فخر بھی کرے۔

سرخاب اردو کی چند نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

- عمر کی مناسبت سے دلچسپ موضوعات کا انتخاب۔
- الفاظ کے تعارف اور تفہیم کے لیے سبق کے آغاز اور اختتام پر دروں فعال سرگرمیاں۔
- نظم اور نثر کے مختلف اصناف (کہانی، ڈائری، مضمون، خط، مثنوی، غزل، مسدس) کا تعارف اور مشق۔
- اُردو زبان کے بنیادی قواعد کا آسان اور دلچسپ تعارف اور مشق۔
- عملی زندگی میں روزمرہ استعمال کی گفتگو اور مکالمے۔
- مطالعہ، تحریر، تقریر اور سماعت کی مہارتوں کی مشق۔

اُمید ہے اساتذہ اور طلبا کے لیے یہ سلسلہ ہائے کتب آسان، دلچسپ اور مفید ثابت ہوگا۔

طفلی
ہمارے بچے ہماری زندگی
Tiflee Education
Ph: 0322-5883399
www.tifleeeducation.com
facebook.com/Tiflee.Education
youtube.com/tifleeeducation

ISBN 978-9-6964710-4-2
9 789696 471042

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.